## سوال

(238) عقیدہ پر رشوت کے اثرات

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مسلمان کے عقیدہ پر رشوت کے کیا اثرات پڑتے ہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رشوت اور دیگر گناہ ایمان کو کمزور کر دیتے ہیں، اللہ تعالیٰ کو ناراض کر دیتے ہیں، ان کے ارکاب سے انسان پر شیطان مسلط ہو جاتا ہے جو انسان سے گناہوں کا ارتکاب کرواتا ہے، لہٰذا ہر مسلمان مرد و عورت پر یہ واجب ہے کہ رشوت اور دیگر تمام گناہوں سے بچے، اگر ممکن ہو تو جس سے رشوت لی تھی اسے واپس کرے اور اگر اسے واپس کرنا ممکن نہ ہو تو اسے اس کی طرف سے فقراء پر صدقہ کر دے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں سچی توبہ کرے تاکہ اللہ تعالیٰ اس کے گناہ کو معاف فرما دے۔

[مقالات وفتاویٰ ابن باز]

**صفحہ 329**

محدث فتویٰ